SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release

October 5, 2018

For immediate release

ایس ای سی پی کی جانب سے انشورنس اور تکافل کے موضوع ورکشاپ منعقد کی گئی

اسلام آباد(اکتوبر 5) سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے انٹرنیشنل انسٹیوٹ آف اکنامکس، انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی کے تعاون سے انشورنس اور تکافل کے موضوع پر ورکشاپ منعقد کی۔

ورکشاپ کا مقصد بیمہ اور تکافل کے شعبوں بارے آگہی اور مالیاتی خواندگی کو فروغ دینا تھا۔ ورکشاپ میں بیمہ کی شرعی حیثیت پر بات کی گئی۔ تکافل اور انشورنس پر ہونے والی تنقید کے حوالے سے بھی گفتگو کی گئی۔ دنیا میں تکافل کے مختلف ماڈلز، تکافل کا قانونی اور ریگولیٹری فریم ورک اور پاکستان میں تکافل انڈسٹری کے فروغ کے امکانات پر روشنی ڈالی گئی۔

ایس ای سی پی کے ڈائریکٹر انشورنس، سید نیر حسین، ای ایف یو لائف اشورنس کے ایکچوریل سروسز ڈپارٹمنٹ کے سربراہ علی قریشی، پاک قطر فیملی تکافل لمیٹڈ کے ایریا سیلز ڈائریکٹر، طارق سعید چودھری، مفتی مبشر احمد اور یونیورسٹی کے سینئر اساتذہ نے شرکاء کو بیمہ اور تکافل کے مختلف موضوعات پر بریفنگ دی۔

یہ ورکشاپ، ایس ای سی پی اور بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی کے مابین ایم او یو کے مطابق منعقد کی گئی جس کا مقصد طلبہ اور اساتذہ میں مالیاتی آگہی کا فروغ ہے۔ شرکاء نے طلبہ، اساتذہ اور بیمہ صنعت کے ماہرین کو اس بہترین مقصد کے لئے ایک چھت تلے اکٹھا کرنے پر اسلامی یونیورسٹی اور ایس ای سی پی کے کردار کو بھی زبردست الفاظ میں سراہا۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005